الجامعۃ البنوریۃ العالمیۃ
متصل سائٹ تھانہ - پی او بکس نمبر ۱۰۶۹۸ کراچی پاکستان

دار الافتاء والقضاء

ای میل: darulifta@gmail.com ویب سائٹ: www.jamiabinoria.net فون: 2560300-2560400 فیکس: 2564586

Name :> Maimoona		Serial No :> 10784	
Address :> rawalpindi		Fatwa No :>	
Subject :> AQAID		Date :> 1/27/2011	
Writer :> زید جنید		Email :>	

kia yu aqeeda theek hai ka hazoor saw Allah ka noor sa bana han aur phir tamaam jehaan hazoor saw ka noor sa bana hai.tu is ka matlab hua ka hazoor saw har jagah moujood aur hazir o nazir han jazakaALLAH O khiran

کیا یہ عقیدہ ٹھیک ہے کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم اللہ کے نور سے بنے ہیں اور پھر تمام جہان حضور صلی اللہ علیہ وسلم کے نور سے بنا ہے، تو اس کا مطلب ہوا کہ حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم ہر جگہ موجود اور حاضر و ناظر ہیں؟ جزاک اللہ خیراً۔

الجواب حامداً ومصلیاً

آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے نور کا اللہ تعالیٰ کے نور سے پیدا کئے جانے کا یہ مطلب نہیں کہ نورِ محمد صلی اللہ علیہ وسلم نعوذ باللہ نورِ خداوندی کا کوئی حصہ ہے بلکہ یہ مطلب ہے کہ نورِ خداوندی کا فیضان آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی روحِ مقدسہ کی تخلیق کا باعث ہوا۔ (آپ کے مسائل اور ان کا حل: ج:۱، ص:۸۳)۔

اسی طرح ہر جگہ حاضر و ناظر ہونا "اللہ تعالیٰ" کی شان اور اسکی صفات میں سے ہے، اس کا غیر اللہ کیلئے ثابت کرنا کھلا ہوا شرک ہے۔ اسلئے سوال میں مذکور عقیدہ رکھنے سے احتراز لازم ہے۔

قال اللہ عز وجل: هو الله الذي لا إله إلا هو عالم الغيب والشهادة ـ الآية (سورة الحشر: ۲۲)۔

وفي المشكوة: عن أبي هريرة رضي الله عنه قال: قال رسول الله صلى الله عليه وسلم: "من صلى علي عند قبري سمعته ومن صلى علي نائيا أبلغته" (ص۸۷)۔

وفي الفوز الكبير: "والشرك أن يثبت لغير الله سبحانه وتعالى شيئا من الصفات المختصة" (ص۱۸)۔

والله أعلم بالصواب
محمد زید جنید عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ عالمیہ کراچی ۱۶
۲۳ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
بندہ نادر جان عفا اللہ عنہ
دار الافتاء جامعہ بنوریہ کراچی
۲۵/۴/۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۹ ربیع الثانی ۱۴۳۲ھ

الجواب صحیح
دار الافتاء جامعہ بنوریہ
۲۹/۴/۱۴۳۲ھ

دار الافتاء — فتوی نمبر ۱۰۷۸۴ — تاریخ ۱۴۳۲/۵/۳

7/4/2011

رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ سائٹ کراچی

نائب رئیس دار الافتاء جامعہ بنوریہ العالمیہ